جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

ڈاکٹر اینڈر یو کی حضرت مولانا سمیع الحق سے ملاقات: گزشتہ دنوں ہالینڈ اور یورپ کے فلاحی ادارہ سالٹ (SALT) کے سربراہ ڈاکٹر اینڈریو وان اور لاہور کے بشپ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لائے۔ آپ نے حضرت مولانا مدظلہ سے موجودہ حالات اور عالمی مسائل پر کھل کر گفتگو کی۔ اور مغرب اور اسلام کے درمیان جاری کشمکش کے حوالہ سے ایک اہم فکری نشست ہوئی۔ حضرت مولانا مدظلہ نے انہیں کھل کر عالم اسلام کے موقف سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ان کے دیگر ساتھی بھی موجود تھے۔

پولینڈ کے صدر کے خصوصی ایلچی Zenon Kushiciak (زینن کوشیک) اور سفیر Wieslawk Kusharch (ویزلاک کوشارچ) کی حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے ملاقات:
گزشتہ دنوں پولینڈ کے صدر مملکت کے خصوصی نمائندہ اور اسلام آباد میں ان کے سفیر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ان کی رہائش گاہ پر تشریف لائے اور وہاں کے صدر مملکت کا خصوصی پیغام مولانا مدظلہ تک پہنچایا اس موقع پر باہمی تبادلہ خیال کیا گیا اور مولانا مدظلہ نے مدارس کے خلاف مغربی اندیشوں کا کھل کر دفاع کیا۔

دارالعلوم کے اساتذہ کرام کی حج سے واپسی: الحمدللہ حسب سابق اس سال بھی دارالعلوم حقانیہ سے حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے والے اساتذہ کرام بخیر وعافیت وطن واپس پہنچ گئے ہیں۔ اور ان حضرات نے دیار حرمین میں دارالعلوم حقانیہ، اس کے مخلصین اور اس کے اساتذہ کے لئے خصوصی دعائیں مانگی۔ نائب مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ، حضرت مولانا سید محمد یوسف شاہ صاحب مدظلہ اور ناظم تعلیمات مولانا وصال احمد صاحب اور استاد مولانا مفتی شیر عالم مدظلہم نے حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔

دارالعلوم کی تعطیلات: عیدالاضحیٰ کے سلسلہ میں دارالعلوم کی پندرہ روزہ تعطیلات گزرنے کے بعد الحمدللہ دوبارہ مدرسہ کھل گیا ہے اور دارالعلوم کی تمام رونقیں دوبارہ بحال ہوگئیں ہیں۔ تمام درجات میں اسباق پورے ذوق و شوق سے جاری وساری ہیں۔

دارالعلوم کے مولانا مفتی مختار اللہ کے چچا کا انتقال: گزشتہ دنوں دارالعلوم کے جید مدرس اور مفتی مولانا مفتی مختار اللہ جہانگیروی کے چچا کفایت اللہ کا انتقال ہوا۔ مرحوم نیک اور خدا ترس انسان تھے۔ مرحوم کے نماز جنازہ میں دارالعلوم کے اساتذہ اور طلباء نے شرکت کی۔ قارئین سے مرحوم کے لئے رفع درجات کے لئے دعاوں کی اپیل ہے۔